# نصابی کتب میں توجیہ شدہ مواد

کووڈ-19 وبا کے پیشِ نظر طلبا پر مواد کا بوجھ کم کرنا ضروری ہے۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 بھی اس بات پر زور دیتی ہے کہ مواد کا بوجھ کم کیا جائے اور تخلیقی ذہن وفکر کی جلا کے ساتھ ساتھ تجرباتی آموزش کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ اس پس منظر میں این سی ای آر ٹی نے تمام جماعتوں کی درسی کتب کو توجیہ شدہ بنانے کی ذمہ داری کو قبول کیا ہے۔ تمام جماعتوں کے لیے جو آموزشی ماحصل این سی ای آر ٹی نے پہلے ہی تیار کر لیے ہیں اُن کا بھی اس عمل میں خیال رکھا جائے گا۔

**درج ذیل نکات کو پیش نظر رکھتے ہوئے درسی کتب کے مواد کو توجیہ شدہ بنایا گیا ہے:**

- ایک ہی جماعت میں دیگر مضامین میں شامل یکساں مواد سے اوورلیپنگ
- ایک ہی مضمون میں نچلی یا اعلیٰ جماعتوں میں شامل مواد کی یکسانیت
- دشواری کی اعلیٰ سطح
- ایسا مواد جو اساتذہ کے ذریعے بغیر کسی مداخلت کے طلبا کی دسترس میں ہو اور جس کو طلبا خود آموزش یا ہم جماعت ساتھیوں کے ساتھ سیکھ سکتے ہوں۔
- وہ مواد جو موجودہ سیاق وسباق میں اپنی معنویت کھو چکا ہو یا فرسودہ ہو چکا ہو۔

**اس کتابچے میں مضمون کے لحاظ سے اُس مواد کے بارے میں معلومات کو جدول کی شکل میں پیش کیا گیا ہے جس کو ہٹایا گیا ہے اور جس کا اندازۂ قدر (Assessment) نہیں کیا جائے گا۔**

© NCERT not to be republished

# جدول برائے توجیہ شدہ مواد

## 4619 - سائنس

| باب | صفحہ نمبر | ترمیم (ہٹائے گئے عنوانات) |
|---|---|---|
| باب 1<br>غذا کہاں سے آتی ہے؟ | 1-9 | مکمل باب |
| باب 3<br>ریشوں سے کپڑوں تک | 22-30 | مکمل باب |
| باب 6<br>ہمارے اطراف کی تبدیلیاں | 54-61 | مکمل باب |
| باب 14<br>پانی | 163-175 | مکمل باب |
| باب 16<br>کچرا اندر، کچرا باہر | 186-198 | مکمل باب |

© NCERT not to be republished